لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ

قصیدۃ الحسنیٰ

في

اسماء النبي العظمیٰ

حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی

ادارۂ تصنیف و ادب

القلم فاؤنڈیشن، 13 ڈی، بلاک بی، حسن آباد، لاہور

پاکستان

قصیدۂ حسنیٰ پڑھنے کے فوائد بیشمار ہیں۔ اسماء نبویّہ کی برکت سے ہر حاجت پوری ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ چند اہم فوائد یہ ہیں۔

(۱) ہر قسم کی بیماری سے باذن اللہ شفاء (۲) مقدمات میں فتح (۳) دشمنوں کے شر سے حفاظت (۴) ملازمت میں ترقی (۵) افسرانِ بالا مسخر (۶) ماتحت عملہ تابع (۷) تجارت میں ہر قسم کی رکاوٹ دور ہوکر بڑا نفع ہوگا (۸) میاں بیوی میں محبت ہوگی، بیوی پڑھے تو خاوند تابع ہوگا اور خاوند پڑھے تو بیوی فرمانبردار ہوگی (۹) سفر بخیر ختم ہوکر بخیر واپسی ہوگی (۱۰) طالب علم کا ذہن تیز و حافظہ بڑھے گا (۱۱) نیک اعمال کی توفیق ملے گی (۱۲) دلوں کی تسخیر کیلئے بہت مفید ہوگا (۱۳) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہوگی (۱۴) رزق میں فراخی اور جادو سے بند کیا ہوا کاروبار پہلے سے زیادہ چالو ہوگا (۱۵) جنات و سحر کا اثر دور ہوگا (۱۶) بے اولاد و عقیمہ عورت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اولاد نصیب فرمائیں گے (۱۷) گمشدہ چیز مل جائیگی (۱۸) گھر سے بھاگا ہوا شخص جلد واپس آجائیگا (۱۹) جس کے بچے پیدا ہوکر مرجاتے ہیں تو وہ ان شاء اللہ زندہ رہیں گے (۲۰) امتحان میں کامیابی ہوگی (۲۱) دلوں کا وسوسہ اور خوف و بے اطمینانی دور ہوجائیگی (۲۲) استحضارِ قلب سے بار بار پڑھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں بڑھے گی اور خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔

مصنّفؒ کی وفات کے بعد ان کی اولاد سے اجازت لینے سے ان شاء اللہ تعالیٰ تاثیر بہت زیادہ ہوگی۔

فون نمبر برائے اجازت 00923218441681 , 00923008441681
00923004101882

نوٹ :۔ عامل بننے کے بغیر بھی یہ فوائد حاصل ہونگے ان شاء اللہ تعالیٰ۔ لیکن عامل بننے سے تاثیر بہت زیادہ ہوتی ہے۔ قصیدۂ حسنیٰ کے عامل بننے کے طریقے چار ہیں۔

(اول) ۴۱ دن تک ہر روز ۳ دفعہ پڑھے (دوم) ۴۱ دن تک روزانہ ۷ دفعہ پڑھے (سوم) کسی ماہ (ربیع الاوّل ہو تو بہتر ہے) تین دن اعتکاف کر کے روزہ رکھے ایامِ اعتکاف میں روزانہ ۱۵ مرتبہ پڑھے، عامل بن جانے کے بعد روزانہ ایک مرتبہ پڑھے (چہارم) اول ۵۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر قصیدہ شروع کرے پھر آخر میں بھی ۵۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ۴۱ دن تک روزانہ ایک مرتبہ اسی طریقہ سے پڑھے۔

⇦ پڑھنے والے حضرات سے درخواست ہے کہ (مصنف) حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ اور حضرت کی اولاد واہل خانہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً و مسلماً ، اما بعد۔ ۱۹۶۳ء کو بندہ کا قصیدۂ طوبیٰ (منظوم اسماء اللہ الحسنیٰ) شائع ہوا تھا۔ عوام و خواص، مردوں اور عورتوں میں، عرب و عجم میں قصیدۂ طوبیٰ کو نہایت قبولیت حاصل ہوئی۔ حرمین شریفین میں متعدد علماء و اولیاء اللہ و عوام اسے بطور وظیفہ پڑھ رہے ہیں۔ قضائے حاجات کے لیے ہزارہا انسانوں نے تیر بہدف پایا، فالحمد للہ۔

متعدد احباب نے قصیدۂ طوبیٰ کے طرز پر اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عربی میں منظوم کرنے کا بار بار ذکر کیا اور تاکید کی۔ ان کے اصرار کے علاوہ بندہ کو خود بھی اس کا بڑا اشتیاق تھا۔ بعد الاستخارہ و توکل علی توفیق اللہ کرتے ہوئے انہیں منظوم کیا، جو ناظرین و قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ ۱۳۹۳ھ کو جب بندہ سفرِ حج پر گیا تو بقصدِ تبرک خانۂ کعبہ کے سامنے اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے بالمواجہہ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قصیدہ بار بار پڑھا۔ پڑھتے وقت جو کیفیتِ قلبی وارد ہوتی تھی وہ بیان سے باہر ہے۔

فائدہ۔ آیت لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ سے بطور تبرک و تفاؤل اخذ کرتے ہوئے اس مبارک منظوم کا نام "الحسنیٰ" رکھتا ہوں۔

فائدہ۔ قصیدۃ الحسنیٰ میں ۵۲۱ نام جمع ہیں۔ جو کتبِ معتبرہ مثلاً مواہب، شرح زرقانی، قولِ بدیع وغیرہ سے بڑی احتیاط سے اخذ کیے گئے ہیں۔ بندہ کے علمِ ناقص میں عاجزانہ صورت میں قصیدۂ حسنیٰ دنیائے اسلام میں بے نظیر و پہلی کوشش ہے۔ بعض کتابوں میں دیکھا ہے کہ بعض اولیاء کرام کی مدۃ العمر یہ خواہش رہی کہ کوئی شاعر اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم عربی میں اسی طرح منظوم کرے۔ فائدہ۔ ان اسماء مبارکہ کی برکت سے بہتوں کی دعائیں قبول اور حاجتیں پوری ہونگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ قارئینِ قصیدۂ حسنیٰ یہ برکات خود محسوس کریں گے۔ میں نے خود کئی مشکلات کے لیے نہایت مفید و مؤثر پایا۔ فائدہ۔ بعض محدثین نے لکھا ہے کہ شرکاء بدر صحابہ رضی اللہ عنہم کے اسماء جو

بخاری میں ہیں پڑھنے کے بعد قبولیتِ دعا مجرب ہے۔ نیز حافظ سخاوی رحمۃ اللہ نے شرح الفیہ وغیرہ میں لکھا ہو کہ مدینہ منورہ کے سات فقہا جو اولیاء اللہ تھے کے نام بڑے مبارک ہیں، کاغذ پر لکھ کر گندم وغیرہ کھانے پینے کی چیزوں میں رکھنے سے ان میں بڑی برکت ہوگی۔ نیز ہر آفتِ ظاہریہ سے محفوظ ہوگی، اپنے پاس رکھے تو ہر آفت سے امان ہوگی، دردِ سر زائل ہوگا وغیرہ وغیرہ۔ وہ سات نام یہ ہیں سعید بن المسیب، عروہ بن زبیر، قاسم بن محمد، ابوبکر بن عبد الرحمٰن، خارجہ بن زید، عبید اللہ بن عبد اللہ، سلیمان بن یسار۔ نیز اسماءِ اصحابِ کہف کے فائدے تو مشہور ہیں۔ محدثین و اولیاء اللہ رحمہم اللہ کے تجربہ کے پیشِ نظر اسماءِ اصحابِ کہف کے چند فائدے یہ ہیں۔ حصولِ ہر مطلوب، بھاگے ہوئے کی واپسی، آگ لگی ہوئی ہو تو اس میں ڈالنے سے وہ بجھ جائے گی یا کم ہو جائے گی، بچے کا رونا، کھیت کی آبادی و حفاظت، بخار، دردِ سر، غنا، ترقی، دردِ زہ کی آسانی، حفاظتِ مال وغیرہ وغیرہ مقاصد میں نہایت مفید ہیں۔ پس جب صحابہ رضی اللہ عنہم اور بعض اولیاء اللہ کے ناموں کی اتنی برکات تجربہ سے ثابت ہو چکی ہیں تو سید الاولین و الآخرین رحمۃ للعالمین کے اسماء کی برکات بے شک حساب سے باہر ہوں گی اور قضائے حاجات و قبولیتِ دعا کے لیے اکسیر ہوں گے۔

فائدہ۔ جس کو پڑھنا ہو وہ اول و آخر میں تین تین دفعہ درود شریف پڑھے۔ قصیدہ پڑھتے وقت تمام توجہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرے اور یہ خیال و تصور کرے کہ قاری مدینہ منورہ میں گنبدِ خضراء اور قبرِ مبارک کے سامنے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ قصیدۂ مدحیہ سنا رہا ہے۔ اسی استحضار تصوری سے ان شاء اللہ بڑا فائدہ ہوگا، دل پر کیف و سرور طاری ہوگا۔

محمد موسیٰ روحانی بازی
استاذ جامعہ اشرفیہ۔ لاہور
پاکستان
١٣٩٧ھ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

حَمِدْتُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَا
میں حمد کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے

عَلَى النَّعْمَاءِ حَمْدَ الْمُخْلِصِيْنَا
اس کی نعمتوں پر اخلاص والوں کی حمد

اُصَلِّیْ بَعْدَ حَمْدِ اللّٰهِ تَتْرٰی
درود بھیجتا ہوں حمدِ خدا کے بعد مسلسل

عَلَى الْهَادِیْ نَبِیِّ الْمُرْسَلِيْنَا
ہدایت کرنے والے نبی پر جو تمام پیغمبروں کے نبی ہیں

فَيَا رَبِّ احْمِنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ
اے اللہ مجھے بچا اپنے نفس کے شر سے

وَشَيْطَانٍ وَّ مَنْ كَانُوْا خَؤُوْنَا
شیطان اور ان دشمنوں کے شر سے جو ہیں خیانت کرنے والے

وَمِنْ مَرَضٍ وَّ اٰفَاتٍ وَّ غَمٍّ
اور بچا تمام امراض ، آفات اور غموں سے

وَمِنْ فِتَنٍ دَهَتْ جِسْمًا وَّ دِيْنًا
اور اُن فتنوں سے جو عیب دار کریں جسم اور دین کو

بِجَاهِ الْمُصْطَفَى الْاَسْنٰى مَقَامًا

یہ دعا قبول ہو بحرمت نبی برگزیدہ بلند درجہ والے

حَبِيْبِىْ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَا

میرے حبیب جو رحمت ہیں تمام عالم کے لیے

مُحَمَّدِنِ النَّقِيِّ الْقَلْبِ حَيًّا

خوب ستایش کیے ہوئے، پاکیزہ دل والے حیات میں

وَمَيْتًا فَهُوَ اَزْكَى الطَّاهِرِيْنَا

اور بعد الموت. پس آپ تمام پاکیزوں سے زیادہ پاکیزہ خصال ہیں

هُوَ الْمُدَّثِّرُ الْمُزَكّٰى خُلْقًا

آپ لحاف اوڑھنے والے ہیں ستھرے اخلاق والے

هُوَ الْمُزَّمِّلُ الْمُقْرِئُ سِنِيْنَا

آپ کپڑے میں لپٹنے والے ہیں، قرآن و دین پڑھانے والے کئی سال تک

رَفِيْقٌ [10] ، مِنَّةُ [11] اللّٰهِ حَرِيْصٌ [12]

خدا کے رفیق ، احسانِ خدا بہت چاہنے والے

عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْمُسْتَسْلِمُوْنَا

تمہارے ایمان کو اے مسلمانو!

فَصِيْحٌ [13] دَهْثَمٌ [14] وَرِعٌ [15] عَفِيْفٌ [16]

فصاحت والے ، نرم خو ، پرہیزگار ، پاک دامن

وَسَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ اَجْمَعِيْنَا

اور سردار ہیں کل اولادِ آدم علیہ السلام کے

جَوَادٌ صَاحِبُ الدَّرَجَاتِ بَرٌّ

سخی ، بلند درجات والے بڑے نیک

دَلِيْلُ الطَّالِبِيْنَ الْحَائِرِيْنَا

رہ نما ہیں حق کی جستجو کرنے میں حیران لوگوں کے لیے

عَطُوْفٌ سَيِّدُ الثَّقَلَيْنِ رَاجٍ

مہربان ، انس و جن کے آقا امید وار

وَرَحْبُ الْكَفِّ لِلْمُسْتَرْفِدِيْنَا

اور کشادہ ہاتھ والے مانگنے والوں کے لیے

نَبِيُّ الرَّاحَةِ الدَّوْمِيْ فَطُوْبٰى

دائمی راحت دینے والے نبی ہیں کتنے مبارک ہیں

لِمَنْ لَبُّوْا وَتَابُوْا مُصْلِحِيْنَا

وہ لوگ جنہوں نے لبیک کہا اور توبہ کرتے ہوئے اپنی اصلاح کی

مُقِيْلٌ مَغْنَمٌ عَبْدٌ صَبُوْرٌ

معاف کنندہ غنیمت بندۂ خدا بہت صبر کرنے والے

وَاِنَّ اللّٰهَ عِنْدَ الصَّابِرِيْنَا

اور بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے پاس ہیں

جَلِيْلٌ جَهْضَمٌ ذُو السَّيْفِ نَدْبٌ

عظمت والے، معتدل سر گول پیشانی والے، تلوار والے عقل مند

ضِيَاءٌ دَامِغُ الْمُسْتَكْلِبِيْنَا

روشنی ، دفع کرنے والے شریروں کو ؁ ؁ ؁

وَكَافٍ مُكْتَفٍ قُطْبٌ هُمَامٌ

کافی ، اللہ پر بھروسہ کرنے والے ، مدارِ دین ، بلند ہمت سردار

وَمَكْفِيٌّ وَلِيُّ الصَّالِحِينَا

کفایت کیا ہوا ، دوست ہیں نیکوکاروں کے ،

مُهَيْمِنُنَا وَمُصْلِحُنَا شَفِيقٌ

ہمارے امین و امن دہندہ اور اصلاح کرنے والے نبی شفقت والے

مُقِيمُ السُّنَّةِ الْغَرَّاءِ فِينَا

سنتِ بیضاء کے طریقے ہمارے اندر قائم کرنے والے

وَخَاتِمُ أَنْبِيَاءِ اللّٰهِ طُرًّا

اور تمام انبیاء علیہم السلام کے سلسلۂ نبوت کو ختم کرنے والے

وَخَاتَمُهُمْ فَتَبَّ الْمُنْكِرُونَا

اور مُہرِ ختمِ نبوت پس تباہ ہوں منکرینِ ختمِ نبوت

فَلَا يَرْجُو النُّبُوَّةَ بَعْدَ هٰذَا

اور توقع نہیں رکھتا نئی نبوت کی اس کے بعد

سِوٰى مَنْ كَانَ دَجَّالًا لَعِينَا

مگر وہ شخص جو ملعون دجّال ہو

فَلَعْنَةُ رَبِّنَا أَعْدَادَ رَمْلٍ

پس خدا کی لعنت ہو ریت کے اَن گنت ذرّوں کے برابر

عَلَى الْأَتْبَاعِ وَالْمُتَنَبِّئِينَا

جھوٹے نبی کے متبعین پر اور جھوٹے مدّعیانِ نبوت پر

كَفِيلٌ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ لَيْثٌ

کفالت والے ، مبارک جوتوں والے شیر و بہادر

وَصَاحِبُ مِنْبَرٍ وَالٍ يَلِينَا

مبارک منبر والے حاکم ہیں جو ہماری سرپرستی فرماتے ہیں

وَمَمْنُوحٌ وَمَوْعِظَةٌ أَبُو الْقَا

کمالات دیے ہوئے باعثِ عزت قاسم کے باپ

سِمِ الْعَالِي أَبٌ لِلْمُؤْمِنِينَا

بلند تمام مؤمنوں کے روحانی باپ ہیں

رَشِيدٌ صَاحِبُ الْآيَاتِ يَهْدِي

رُشد والے معجزات والے جو راستہ بتائے

مَنِ اسْتَهْدَوْا فُرَادَى أَوْ ثُبِينَا

ہدایت مانگنے والوں کو تنہا تنہا اور گروہ در گروہ

وَآمِرُنَا وَنَاهِينَا وَقَاضٍ

ہمیں امر و نہی کرنے والے اور فیصلے کرنے والے

طَبِيبٌ لَحْظُهُ يَشْفِي الْحَزِينَا

دلوں کے طبیب، کیونکہ آپ کی نگاہ غمگین کے لیے باعثِ تسکین ہے

قَسِيمٌ مُؤْمِنٌ مُنْجٍ وَسِيمٌ

خوبصورت ، بڑے ایمان والے ، نجات دہندہ ، حُسن والے ،

جَسِيمٌ فَاقَ كُلَّ الْفَائِقِينَا

معزز بدن والے فائق ہیں تمام معززین پر

خَلِيْلُ اللهِ مَحْمُوْدٌ شِهَابٌ

خاص دوستِ خدا ، ستائش کیے ہوئے ، شعلۂ حق ،

شَكُوْرٌ شَاكِرٌ لِّلْمُحْسِنِيْنَا

زیادہ شکر کنندہ ، شکر گزار ہیں احسان کرنے والوں کے

خَبِيْرٌ حَامِلٌ لِّلِوَاءِ حَمْدٍ

خبردار ، حمد کا جھنڈا اٹھانے والے

وَحَمَّادٌ حَمِيْدٌ الْعَارِفِيْنَا

اور زیادہ حمد کرنے والے ، ستائش کیے ہوئے ہیں تمام بزرگوں کے

وَحَمْدٌ اَحْمَدُ الْمُخْتَصُّ حَمْدًا

اور عین ستائش ، سب سے زیادہ ثنا خوانِ خدا ، حمد آپ کی خصوصیت ہے

فَاِنَّ الْحَمْدَ كَانَ لَهٗ قَرِيْنَا

کیونکہ حمد آپ سے (آپ کی امت و دین سے) وابستہ ہے

سَنِيٌّ صَيِّنٌ نَبَأٌ وَّمَرْءٌ

بلند ، پاک نفس والے ، عظیم خبر ، مرد

عَظِيْمٌ عِصْمَةُ الْمُسْتَعْصِمِيْنَا

عظیم الشان ، پناہ ہیں حفاظت طلب کنندگان کے لیے

وَاَنْوَرُ بَارِعٌ فَهِمٌ بَدِيْعٌ

خوب نورانی ، فائق ، بڑے سمجھ دار ، بڑے حسن والے

وَرَحْمَةٌ اِمَامُ الْعَامِلِيْنَا

اور سببِ رحمت ، نیک عمل کرنے والوں کے پیشوا

وَدَانٍ ٩٢ خَبِيْرٌ ٩٣ زَلِفٌ ٩٤ رَاجِحٌ ٩٥

اور خدا کے قریب، فضل والے، سبقت والے کمال میں راجح،

وَ اَوَّاهٌ ٩٦ وَّ مُبْدَءُ ٩٧ الْمُخْبِتِيْنَا

خدا کے سامنے زاری کنندہ، سردار و مبدأ ہیں عاجزی کرنے والوں کے لیے

كَلِيْمُ اللهِ ٩٨ اِكْلِيْلٌ ٩٩ مَّبَرٌّ ١٠٠

اللہ تعالیٰ کے ہم کلام تاج (انبیاء) عین نیکی کرنا

وَ فَيْئَتُنَا ١٠١ اِذَا نَحْنُ ابْتُلِيْنَا

اور ہمارے مرجع جب ہم مبتلائے مصائب ہوتے ہیں

وَ ذُوْشَرَفٍ ١٠٢ وَّ ذُوْمَجْدٍ ١٠٣ كَرِيْمٌ ١٠٤

صاحب شرافت، صاحب بزرگی بامروت سخی

وَ اُذُنُ ١٠٥ الْخَيْرِ خَيْرُ السَّامِعِيْنَا

اچھی بات سننے والے، سب سامعین سے بہتر ہیں

وَ ذُوْتَاجٍ ١٠٦ وَّ ذُوْخُلُقٍ ١٠٧ عَظِيْمٍ

صاحب تاج رسالت بلند اخلاق والے

وَ يُرْوٰى كَانَ قُرْاٰنًا مُّبِيْنَا

روایت ہے کہ آپ کے اخلاق بعینہٖ قرآن مجید تھے

وَ صَادِقُنَا ١٠٨ وَ مَصْدُوْقٌ ١٠٩ وَّ صِدْقٌ ١١٠

ہم سب میں سچے سچے کیے ہوئے بعینہٖ سچ،

وَ اَصْدَقُنَا ١١١ مُصَدِّقُ ١١٢ صَادِقِيْنَا

سب سے زیادہ سچے سب راست بازوں کی تصدیق کرنے والے

وَاِنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَهٗ سِرَاجًا[١١٣]

اور بے شک اللہ تعالیٰ نے انہیں بھیجا چراغِ رُشد ،

وَمِصْبَاحًا[١١٤] هُدًى[١١٥] نُوْرًا[١١٦] مَّكِيْنًا[١١٧]

قندیلِ نجات ، ہدایت ، نور ، جاہ و منزلت والے

وَمِفْتَاحًا[١١٨] لِّجَنَّاتٍ اِمَامًا[١١٩]

اور جنتوں کی چابی ، پیشوا ،

وَمَاْمُوْنًا[١٢٠] وَّمَدْعُوًّا[١٢١] اَمِيْنًا[١٢٢]

امانت دار ، بلائے ہوئے اور معتمد

وَجَدًّا[١٢٣] خِيْرَةَ[١٢٤] اللّٰهِ مُضِيْئًا[١٢٥]

خوش نصیب اللہ کے چنے ہوئے بذریعہ علم روشن کرنے والے

وَرِضْوَانًا[١٢٦] لَّهٗ عَلَمًا[١٢٧] مَّتِيْنًا[١٢٨]

اللہ تعالےٰ کی رضا ، علامتِ ہدایت ، قوی

هُوَ الْمَدَنِيُّ[١٢٩] مُسْتَغْنٍ[١٣٠] مُّبِيْحٌ[١٣١]

آپ مدینہ منورہ کے باشندے ہیں ، غیر اللہ سے مستغنی ، جائز بتانے والے

مَدِيْنَةُ[١٣٢] عِلْمِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَا

آپ کامل شہر ہیں خدا تعالیٰ کے علم کا

وَمُبْتَهِلٌ[١٣٣] وَّمُثْبِتُ[١٣٤] كُلِّ اَمْرٍ

اور عاجزی کرنے والے ، ہر شے کو قائم کرنے والے

عَلٰى مَاْوَاهُ خَيْرُ الْمُثْبِتِيْنَا

اپنی مناسب جگہ پر سب قائم کرنے والوں سے بہتر ہیں

[١٣٥] حِجَازِیٌّ [١٣٦] مُزِیلُ کُلِّ شِرْکٍ

سرزمین حجاز والے ، دور کرنے والے شرک کو

بَدَیٰ فِی النَّاسِ اَحْقَابًا مِئِینَا

جو ظاہر ہوچکا تھا لوگوں میں کئی صدیوں سے

[١٣٧] شَرِیفٌ [١٣٨] ہَاشِمِیٌّ [١٣٩] یَثْرِبِیٌّ

شریف ، ہاشمی یثرب (نام مدینہ) والے

وَ [١٤٠] قُرَشِیٌّ اِذَا مَا یَنْسِبُوْنَا

اور قریشی ہیں جب لوگ آپ کی نسبت بیان کریں

[١٤١] صِرَاطُ اللہِ [١٤٢] قَائِدُ کُلِّ خَلْقٍ

اللہ تعالیٰ کی راہ ، تمام مخلوق کے رہبر

وَ لَمْ نَرَ مِثْلَہٗ فِی الْقَائِدِیْنَا

اور ہم نے آپ جیسا قائد و رہبر نہیں دیکھا

وَ [١٤٣] فَاضِلُ کُلِّ خَلْقِ اللہِ [١٤٤] شَافٍ

اور تمام مخلوق میں بڑے ، شفا دہندہ

بِطِبِّ الْخَالِقِ الْمَرَضِ الدَّفِیْنَا

اللہ تعالیٰ کی روحانی طب کے ذریعہ پوشیدہ امراض سے

[١٤٥] وَحِیْدٌ [١٤٦] نَاصِبُ الْاَحْکَامِ [١٤٧] مَجْدٌ

یگانہ خصال ، احکام دین قائم کرنے والے ، عین بلندی

وَ [١٤٨] نَاشِرُھَا وَ کَانَ بِذَا قَمِیْنَا

اور احکام پھیلانے والے اور آپ اس کے لائق تھے

وَ وَاضِعُ[149] اِصْرِهَا عَنَّا فَشُكْرًا

اور احکام کا بوجھ ، ہم سے کم کرنے والے ، پس ہم شکر گزار ہیں آپ کے

وَ وَاعِدُنَا[150] وَ سَيِّدُنَا[151] يَقِيْنًا

اور ہمارے ساتھ وعدہ نجات کرنے والے اور ہمارے سردار یقیناً

وَ عَامِلُهَا[152] وَ صَادِعُهَا[153] امْتِثَالًا

اور ان پر عمل کنندہ اور کھول کر بیان کرنے والے حکم خدا بجا لاتے ہوئے

وَ كَانَ لِاَمْرِ خَالِقِهٖ ضَمِيْنًا[154]

اور آپ اللہ کے ہر حکم بجا لانے کے کفیل تھے

وَ شَارِعُهَا[155] وَ صَاحِبُ[156] شَرْعِهٖ مَا

اور احکام بیان کرنے والے ، صاحب شریعت ، آپ کی

اَتَمَّ شَرِيْعَةً وَّ اَتَمَّ دِيْنًا

شریعت کتنی اتم اور دین کتنا اکمل ہے

سَمِيْعٌ[157] نَاطِقٌ[158] بِالْحَقِّ حَقٌّ[159]

اسرار سننے والے ، حق بولنے والے حق ،

وَ كَانَ الْحَقُّ فِطْرَتَهٗ وَطِيْنًا

اور حق آپ کی فطرت و خمیر تھا

حَنِيْفٌ[160] عَاقِبٌ[161] يَاسِيْنُ[162] اٰمِنٌ[163]

حق کی طرف مائل ، انبیاء کے بعد آنے والے ، اے انسانوں کے سردار ، پیغام امن

نَجِيْبٌ[164] ذُوْ جُدُوْدٍ مُنْجِبِيْنَا

شریف ، ان آباء و اجداد والے جو عالی نسب تھے

(١٦٥) نَجِيُّ اللّٰهِ (١٦٦) مَوْصُوْلٌ (١٦٧) شَهِيْرٌ

اللہ کے ہمراز ، پہنچے ہوئے ، بڑی شہرت والے

(١٦٨) هَدِيَّةُ رَبِّهٖ لِلْمُهْتَدِيْنَا

اللہ تعالےٰ کا ہدیہ ہیں ہدایت پانے والوں کے لیے

(١٦٩) حَكِيْمٌ (١٧٠) حَاكِمٌ (١٧١) دَاعٍ وَّ (١٧٢) مُحْيٍ

حکمت والے ، حکم کنندہ ، دعوت دہندہ ، زندہ کنندہ بذریعہ تربیت

قُلُوْبًا رَانَهَا ذَنْبٌ رُيُوْنَا

ایسے دلوں کو جن پر گناہ کا زنگ چڑھا ہوا تھا

وَ (١٧٣) مَشْهُوْرٌ (١٧٤) مُصَارِعُ كُلِّ قِرْنٍ

شہرت والے ، گرانے والے ہر مقابل کو

وَ اُعْطِيْ مِثْلَ قُوَّةِ اَرْبَعِيْنَا

اور آپ کو چالیس جنتی آدمیوں کی قوت دی گئی تھی

وَ (١٧٥) سِلْمٌ لِلَّذِيْنَ اَتَوْهُ سِلْمًا

اور صلح کرنے والے ان سے جو صلح کرنے آئیں

وَ (١٧٦) حَرْبٌ لِلَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَا

اور جنگ کرنے والے ان سے جو طالب جنگ ہوں

وَ (١٧٧) سَيْفُ اللّٰهِ سُلَّ عَلٰى عَدُوٍّ

اللہ تعالےٰ کی تلوار جو سونتی ہوئی ہے دشمنوں پر

اِذَا دَارَتْ رَحٰى حَرْبٍ طَحُوْنَا

جب بھی گھومنے لگے شدتِ جنگ کی پیسنے والی چکی

وَمَتْلُوٌّ عَلَيْهِ[١٧٨] الْوَحْيُ تَالٍ[١٧٩]

آپ پر وحی کی تلاوت کی گئی ہے، تلاوتِ قرآن کرنے والے

وَصُوْلٌ[١٨٠] وَّاصِلٌ[١٨١] مَا يَقْطَعُوْنَا

بلندی کو پہنچنے والے، جوڑنے والے وہ رشتے جنہیں لوگ کاٹتے ہیں

وَعِزُّ[١٨٢] الْعَرَبِ مُقْتَصِدٌ[١٨٣] بَلِيْغٌ[١٨٤]

عرب کی عزت، درمیانی راہ چلنے والے، بلاغت والے،

وَيَقْلَى اللهُ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَا

اور اللہ مبغوض رکھتے ہیں اسراف کنندہ قوم کو

وَجَبَّارٌ[١٨٥] عَلَى الْكُفَّارِ بُشْرٰى[١٨٦]

کفار پر غالب ہیں، بشارت ہیں

لِقَوْمٍ مُّسْلِمِيْنَ وَمُخْلِصِيْنَا

مسلمانوں اور اخلاص والوں کے لیے

عَلِيٌّ[١٨٧] كَامِلٌ[١٨٨] قَمَرٌ[١٨٩] مُّنِيْرٌ[١٩٠]

بلند، کامل، چاند، روشن کرنے والے

وَقَيِّمُنَا[١٩١] وَنَحْنُ بِهٖ هُدِيْنَا

ہمارے سرپرست سردار اور ہمیں آپ کی برکت سے ہدایت ملی ہے

أَجِيْرٌ[١٩٢] نَّاصِحٌ[١٩٣] مُّسْتَغْفِرٌ[١٩٤] مِّنْ

پناہ دینے والے، خیرخواہ، مغفرت مانگنے والے

غَفُوْرٍ لِّلْعُصَاةِ النَّادِمِيْنَا

اللہ تعالیٰ سے توبہ تائب گنہ گاروں کے لیے

مُقَفٍّ[١٩٥] ضَارِعٌ[١٩٦] بَشَرٌ[١٩٧] يَقِيْنًا

سب انبیاء کے بعد آنے والے، تواضع والے بشر ہیں یقیناً،

وَنُصَّ بِذَا فَتَبَّ الْجَاحِدُوْنَا

اور آپ کی بشریت نص سے ثابت ہے. پس تباہ ہوں آپ کی بشریت کے منکرین

شَفُوْقٌ[١٩٨] نَابِذٌ[١٩٩] عَدْلٌ[٢٠٠] حَنَانٌ[٢٠١]

شفقت والے، پھینکنے والے، عین عدل، رحمت،

وَتَذْكِرَةٌ[٢٠٢] لِمَنْ يَّتَذَكَّرُوْنَا

اور باعثِ نصیحت و یاد دہانی ہیں نصیحت ماننے والوں کے لیے

أَسَدُّ[٢٠٣] النَّاسِ أَوْفَاهُمْ[٢٠٤] ذِمَامًا

سب سے زیادہ سیدھی راہ پر اور زیادہ وفادار حرمت کے

وَأَنْفَسُهُمْ[٢٠٥] إِمَامُ[٢٠٦] الْعَامِلِيْنَا

سب میں بہتر، پیشوا ہیں عمل کنندگان کے لیے،

أَشَدُّهُمْ[٢٠٧] وَوَافٍ[٢٠٨] أَلْمَعِيٌّ[٢٠٩]

سب میں زیادہ شدت و قوت والے، وفا کنندہ، تیز ذہن والے

وَأَمْجَدُهُمْ[٢١٠] وَأَوْسَطُ[٢١١] مَاجِدِيْنَا

سب سے زیادہ شریف، سب شریفوں میں برگزیدہ

وَأَتْقَاهُمْ[٢١٢] وَأَخْشَاهُمْ[٢١٣] لِرَبٍّ

سب سے زیادہ متقی اور خدا سے ڈرنے والے،

وَأَعْلَمُهُمْ[٢١٤] بِمَا هُمْ يَجْهَلُوْنَا

اور زیادہ جاننے والے ان امور کو جنہیں لوگ نہیں جانتے

وَاَجْوَدُهُمْ [215] وَاَحْسَنُهُمْ [216] نَجِيْدٌ [217]

زیادہ سخی اور زیادہ اچھے ، بڑے شجاع

وَاَرْجَحُ [218] كُلِّهِمْ عَقْلًا رَزِيْنًا

سب سے اعلیٰ ہیں بہ لحاظِ عقل سنجیدہ

وَاَشْجَعُهُمْ [219] وَاَصْدَقُهُمْ [220] حَدِيْثًا

بڑے شجاع اور بڑے سچے باتوں میں

وَاَرْحَمُهُمْ [221] وَاَوَّلُ [222] مُسْلِمِيْنَا

اور زیادہ رحم کرنے والے اور پہلے مسلمان ہیں

وَمَسْعُوْدٌ [223] وَّمُخْتَارٌ [224] مُّنِيْبٌ [225]

نیک ، مختار ، اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والے

فَوَاتِحُ [226] نُوْرِ عِلْمِ الْعَالِمِيْنَا

ظاہر کرنے والے ہیں علم علماء کی روشنی کو

نَبِيٌّ [227] لِّلْمَلَاحِمِ ذُو السَّرَايَا [228]

نبی ہیں جہاد و جنگ کے فوجوں والے

وَقَتَّالٌ [229] قَتُوْلُ [230] الشَّاتِمِيْنَا

زیادہ قتل کنندہ ، خوب ہلاک کرنے والے ہیں اسلام کو گالی دینے والوں کو

مُلَقًّى [231] اٰىِ قُرْاٰنٍ كَرِيْمٍ

آیاتِ قرآنِ کریم دیے ہوئے

وَذِكْرُ [232] اللّٰهِ خَيْرُ [233] الْعَالَمِيْنَا

اور خدا کا ذکر سارے عالم سے بہتر ہے

وَ [٢٣٤] غَالِبُ كُلِّ ذِيْ جَيْشٍ عَظِيْمٍ

اور غلبہ پانے والے ہر بڑی فوج والے پر

بِنَصْرِ اللّٰهِ خَيْرِ النَّاصِرِيْنَا

خدا کی مدد سے، خدا سب سے بہتر مدد کرنے والے ہیں

وَ [٢٣٥] صَاحِبُ كَوْثَرِ الْبَارِيْ فَيَسْقِيْ

اللہ تعالےٰ کی نہر کوثر والے، تو آپ پلائیں گے

كِرَامًا مِّنْهُ نِعْمَ الْمُسْتَقُوْنَا

اس سے نیکوکاروں کو، زہے نصیب ان پینے والوں کا

وَ [٢٣٦] صَاحِبُ حَوْضِهِ الْمَوْرُوْدِ نَرْجُوْ

صاحب حوض کوثر جس پر مؤمنین آئیں گے۔ ہم بھی امیدوار ہیں

لَهٗ كَاْسًا دِهَاقًا وَّارِدِيْنَا

اس کے لبالب پیالے کے حوض پر آتے وقت

[٢٣٧] رَءُوْفٌ [٢٣٨] سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ [٢٣٩] هَادٍ

مہربانی کرنے والے، دونوں جہان کے سردار، راستہ دکھانے والے

وَ [٢٤٠] مَهْدِيٌّ وَّ [٢٤١] سَابِقُ سَابِقِيْنَا

ہدایت پانے والے اور سب سبقت کرنے والوں سے آگے ہیں

وَ [٢٤٢] تَنْزِيْلٌ وَّ [٢٤٣] ضَحَّاكٌ [٢٤٤] ضَحُوْكٌ

نازل کیے ہوئے، ہنس مکھ، بہت مسکرانے والے

وَ [٢٤٥] مُصْلِحُ مَا عَسٰى اَنْ لَّا يَكُوْنَا

اصلاح کنندہ ان امور کے جو بظاہر ناممکن تھے

عَلَامَةُ ٢٤٦ قُدْرَةِ الْبَارِی ٢٤٧ فَلَاحٌ

قدرت خدا کی واضح علامت، باعثِ کامیابی

مُقَدَّمُنَا ٢٤٨ شِفَاءُ ٢٤٩ الْمُفْلِحِیْنَا

ہم سب انسانوں سے آگے، روحانی شفا ہیں کامیابوں کے لیے،

مُیَسِّرُ ٢٥٠ شَرْعِهٖ عَمَلًا وَّ ٢٥١ فَجْرٌ

اپنی شریعت کو عملاً آسان کر دکھانے والے، مانندِ صبح

وَ مُخْبِرُ ٢٥٢ حُکْمِ مَا لَا یَعْلَمُوْنَا

وہ احکام بتانے والے جن سے لوگ ناواقف تھے

٢٥٣ حَلِیْمٌ عُدَّةٌ ٢٥٤ وَّ مُبِیْدُ شَرٍّ

عقل و حوصلے والے، ذخیرۂ آخرت اور دفع کرنے والے شر کو

وَ قَدْ مَلَاَ السُّهُوْلَةَ وَ الْحُزُوْنَا

جس نے پُر کر دی تھی (کل زمین) نرم و سخت زمین۔

وَ رَهَّابٌ ٢٥٥ وَّ رَجْلُ ٢٥٦ الشَّعْرِ زَاهٍ ٢٥٧

خدا سے بہت ڈرنے والے، معتدل گھونگریالے بال والے، بارونق چہرے والے

سَدِیْدٌ ٢٥٨ زَاجِرُ ٢٥٩ الْمُتَهَتِّکِیْنَا

مضبوط و مستقیم، روکنے والے بے پرواہ لوگوں کو ،

وَ اَبْلَجُ ٢٦٠ اَبْیَضُ ٢٦١ الْاَعْضَاءِ حُسْنًا

کشادہ ابرو، چمکدار خوبصورت اعضاء والے،

اَغَرُّ ٢٦٢ النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ جَبِیْنًا

سب سے زیادہ نورانی چہرے والے، حسین تر جبین والے ہیں

وَ حمطایا [٢٦٣] وَ حمیاطا [٢٦٤] اَحید [٢٦٥]

حرم کے محافظ ، عورتوں کو حرام سے روکنے والے (رومی نام) آگ سے دُور کرنے والے

وَ قدمایا [٢٦٦] اِمامُ [٢٦٧] المُتَّقِینا

آگے آگے (رومی نام) متقیوں کے پیشوا ہیں

اَحُونانخ [٢٦٨] وَ اَزکیٰ [٢٦٩] اِخرایا [٢٧٠]

صبح دین والے ، مبارک تر ، آخری نبی (انجیلی نام)

اَسَدٌ [٢٧١] وَ اُمَّةٌ [٢٧٢] لِلْمُقتَدِینا

مستقیم تر جامع رہ نما اتباع کرنے والوں کے لیے

هُوَ الحَکَمُ [٢٧٣] الحُلاحِلُ [٢٧٤] مَاذ مَاذا [٢٧٥]

آپ حاکم ہیں ، بہادر آقا ، صاف وستھرے (توراتی نام)

وَ فِی العُقبیٰ خَطِیبُ [٢٧٦] الوَافِدِینا

اور بروزِ حشر دربارِ خدا میں وفدوں کے خطیب

وَ خَیرٌ [٢٧٧] فَارِقٌ [٢٧٨] فَارَاقلِیطًا [٢٧٩]

اور بہتر ، حق و باطل میں فرق کنندہ ، مخلص اور ہر حق کی رشد (انجیلی نام)

وَ تلقِیطُ [٢٨٠] مُبَشِّرُ [٢٨١] یَائِسِینا

تلقیط (رومی نام) بشارت دینے والے نا امیدوں کو

مُهَابٌ [٢٨٢] مُرتَجانا [٢٨٣] طَابَ طَابًا [٢٨٤]

رعب والے ، ہماری امیدوں کا مرکز ، نفیس اور اچھے (توراتی نام)

صَفُوحٌ [٢٨٥] صَفوَةٌ [٢٨٦] فِی الطَّیِّبِینا

درگزر کرنے والے برگزیدہ ہیں سب پاکیزوں میں کے

رَضِیٌّ [٢٨٧] ذُو الْمَكَانَةِ [٢٨٨] مُرْتَضَانَا [٢٨٩]

رضا والے ، بڑے مرتبہ والے ، اللہ کے پسندیدہ ہمارے نبی ،

سَخِیٌّ [٢٩٠] ذُو عَطَايَا [٢٩١] مَا ازْدُرِيْنَا

سخاوت والے ان عطیات والے جو کسی طرح حقیر نہیں سمجھے جاتے

وَمِيزَانٌ [٢٩٢] وَّبُرْهَانٌ [٢٩٣] بَيَانٌ [٢٩٤]

میزانِ حق ، دلیل ، بیانِ حق

أَمَانُ [٢٩٥] اللهِ عِنْدَ الْخَائِفِيْنَا

خدا تعالٰے کی طرف سے امان ڈرنے والوں کے نزدیک

مُعَزِّرُ [٢٩٦] كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ

سزا دینے والے ہر متکبر سرکش کو

مُصَافِحُ [٢٩٧] كُلِّ مَنْ أَمْسٰى قَطِيْنَا

مصافحہ محبت کرنے والے ہر اس شخص سے جو خادم بنا

وَخَيْرُ [٢٩٨] الْأَنْبِيَاءِ الْمُقْتَفِيْ [٢٩٩] إِذْ

کُل انبیاء میں افضل سب کے آخر کیونکہ آپ

قَفَاهُمْ وَهُوَ خَيْرُ [٣٠٠] الْمُرْسَلِيْنَا

سب سے آخر میں پیدا ہوئے ۔ اور آپ تمام انبیاء سے افضل ہیں

مَلِيٌّ [٣٠١] دَعْوَةُ التَّوْحِيْدِ [٣٠٢] بَدْءًا [٣٠٣]

صاحبِ مختار قلبی، دعوتِ توحید والے ، (نبوت کے) بدء

وَشَمْسٌ [٣٠٤] لَا كَشَمْسِ الْمُبْصِرِيْنَا

اور آفتاب ہیں لیکن اعلیٰ ہیں اس آفتاب سے جو آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے

ظَفُوْرٌ [۳۰۵] صَاحِبُ [۳۰۶] الْمِعْرَاجِ لَيْلًا

بڑے کامیاب ، صاحب معراج ، رات کے وقت

عَلَا حَتّٰى تَخَلَّفَ طُوْرُ سِيْنَا

بلند ہوئے یہاں تک کہ کوہِ طورِ سینا کو پیچھے چھوڑ گئے

رَفِيْعُ [۳۰۷] الذِّكْرِ ذَاكِرُنَا [۳۰۸] وَ ذِكْرٌ [۳۰۹]

عظیم الشان ذکر والے ، امت کو یاد کرنے والے ، ذکر ،

وَ مَذْكُوْرٌ [۳۱۰] مُذَكِّرُ [۳۱۱] تَائِبِيْنَا

یاد کیے ہوئے نصیحت کرنے والے ہیں توبہ کنندگان کو

صِرَاطٌ [۳۱۲] مُسْتَقِيْمٌ - مُسْتَقِيْمٌ [۳۱۳]

سیدھی راہ ، درست عمل والے

وَ ذَكَّارٌ [۳۱۴] وَّ خَيْرُ [۳۱۵] الذَّاكِرِيْنَا

اور بہت یاد کرنے والے اور سب بہتر ذکر کرنے والے ہیں

مُفَضَّلُنَا [۳۱۶] وَ فَضْلُ [۳۱۷] اللّٰهِ طٰهٰ [۳۱۸]

ہم سب میں افضل ، خدا کا فضل اے انسانِ کامل

وَ مِفْضَالٌ [۳۱۹] وَّ مُعْلِيْنَا [۳۲۰] سُكُوْنًا

بڑے مہربان اور ہمیں بلند کرنے والے اطمینانِ قلب کے لحاظ سے

وَ مُؤْتَمَنٌ [۳۲۱] مُّهَاجِرُ [۳۲۲] مِنْ لَدُنْ مَعْ

اور امانت والے ، مکہ سے ہجرت کرنے والے ، ساتھ

اَبِيْ بَكْرٍ وَّ مَا اَعْلٰى خَدِيْنَا

ابوبکر صدیقؓ کے اور صدیقؓ بڑے اعلیٰ رفیق ہیں

وَ مَمْنُوْعٌ ۳۲۳ وَّ مَنْحَمَنَّا ۳۲۴ وَ مُوْحًى ۳۲۵

حفاظت کیے ہوئے ، ستائش کیے ہوئے (سریانی نام) بذریعہ وحی

اِلَيْهِ الْعِلْمُ فَوْقَ الْاَعْلَمِيْنَا

علم دیے گئے ہیں تمام اہل علم سے زیادہ

زَكِيٌّ ۳۲۶ عَادِلٌ ۳۲۷ طَاسِيْنُ ۳۲۸ اَنْقٰى ۳۲۹

پاکیزہ ، عدل والے ، طاسین ، سب سے زیادہ پاکیزہ

مُعَلِّمُ ۳۳۰ حَاضِرِيْنَ وَ غَائِبِيْنَا

تعلیم دینے والے حاضرین و غائبین کو

وَ دَارُ ۳۳۱ الْحِكْمَةِ الْعُلْيَا وَ مُوْتًى ۳۳۲

بلند علم و حکمت کے مرکز ہیں، انہیں عنایت کیے گئے

جَوَامِعَ كَلِمِهٖ عِقْدًا حَسِيْنَا

ہیں جامع کلمات جیسے خوب صورت ہار

وَ مُطَّلِعٌ ۳۳۳ وَ مُطْلِعُنَا ۳۳۴ نَجِيٌّ ۳۳۵

اسرارِ وحی جاننے والے ، ہمیں اطلاع دینے والے ، اللہ کے ہم راز ،

مُنَادِي النَّاسِ ۳۳۶ اِيَّاكُمْ وَ زُوْنَا

لوگوں کو یہ صدا دینے والے کہ دور رہو بتوں سے

مُحَرِّمُ ۳۳۷ كُلِّ مَا يَاْتِيْهِ وَحْيٌ

ہر اس شے کی حرمت بتانے والے جس کے بارے میں

بِهٖ لَمْ يَاْلُ جُهْدًا اَنْ يُّبَيِّنَا

حرمت کی وحی آئی ، آپ نے ذرا کوتاہی نہیں کی حکم واضح کرنے میں

٢٢٩ مُحَلِّلُ مَا اُحِلَّ وَ مَا اَتَانَا

حلال کو حلال بتانے والے، اور جو حکم آپ لے آئے ہیں

فَاٰمَنَّا بِهٖ وَ بِهٖ رَضِيْنَا

ہمارا اس پر ایمان ہے اور اس پر راضی ہیں

اَحَادِيْثُ النَّبِيِّ مُحَرِّمَاتٌ

نبی علیہ السلام کی احادیث بھی حرام کرنے والی ہیں

كَمِثْلِ كِتَابِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَا

جس طرح قرآنِ خدا تعالیٰ سے حرمتِ اشیاء ثابت ہوتی ہے

وَ لَمْ يَنْطِقْ بِهِنَّ هَوًى وَّ وَهْمًا

آپ نے احادیث پر نطق خواہشِ نفس یا غلطی سے نہیں کیا

فَهُنَّ الْوَحْيُ لٰكِنْ مَا تُلِيْنَا

پس احادیث وحی ہی ہیں البتہ ان کی تلاوت نہیں کی جاتی

وَ قَدْ لُعِنَ الَّذِيْ قَدْ شَكَّ فِيْهَا

بے شک ملعون ہے وہ جو احادیث میں شک کرے

غَدًا يَدْرِيْ الَّذِيْ ظَنَّ الظُّنُوْنَا

بعد الموت جان لے گا وہ جو اس قسم کی بدگمانی کرے

وَ رَدُّ حَدِيْثِهٖ فِسْقٌ وَّ كُفْرٌ

اور احادیث کا انکار فسق و کفر ہے

وَ يَكْفُرُ مَنْ يَّظُنُّ بِهٖ مُجُوْنَا

اور کافر ہے وہ جو احادیث کے لغو ہونے کا خیال کرے

وَصِنْدِيْدٌ [٣٢٩] قَثُوْمٌ [٣٣٠] كَانَ بُشْرٰى [٣٣١]

سردار و سخی ، جامع برکات ، تھے بشارت

لِعِيْسٰى وَهُوَ اَقْرَبُ مُبْشِرِيْنَا

عیسٰی علیہ السلام کی ، اور وہ سب بشارت دینے والوں میں قریب تر ہیں

مُعَقِّبُ [٣٣٢] اَنْبِيَاءِ اللّٰهِ طُرًّا

سب انبیاء علیہم السلام کے آخر میں پیدا ہونے والے

وَمُعْلِنُ [٣٣٣] حُكْمِ رَبِّ الْمُعْلِنِيْنَا

اور اعلان کرنے والے ہیں اعلان کنندگان کے رب کے حکم کے

وَعَبْدُ الْخَالِقِ [٣٣٤] اسْمًا فِيْ جِبَالٍ

اور آپ کا نام عبدالخالق ہے پہاڑوں میں

وَاَوَّلُهُمْ [٣٣٥] وَاٰخِرُ [٣٣٦] مُرْسَلِيْنَا

اور بہ لحاظِ روح و حقیقت سب انبیاء سے مقدم اور بظاہر تمام سے آخر ہیں

نَبِيُّ [٣٣٧] الرَّحْمَةِ الْكُبْرٰى وَجِيْهٌ [٣٣٨]

نبی ہیں بڑی رحمت کے ، جاہ و عزت والے

وَمَرْحُوْمٌ [٣٣٩] رَحِيْمُ [٣٥٠] الرَّاكِعِيْنَا

رحم کیے ہوئے رحم کرنے والے مسلمانوں پر

شَهِيْدٌ [٣٥١] شَاهِدٌ [٣٥٢] مَا كَانَ حَيًّا

گواہ ، گواہی دہندہ جب تک آپ زندہ تھے

وَمَشْهُوْدُ الْمَلَائِكِ [٣٥٣] سَائِحِيْنَا

حاضر کیے ہوئے آپ کے پاس وہ فرشتے جو گھومتے رہتے ہیں

خَطِيْبُ النَّاسِ مَبْعُوْثٌ لَبِيْبٌ

سب کے خطیب ، بھیجے ہوئے ، عقل مند ،

خَطِيْبُ الْاَنْبِيَاءِ السَّالِفِيْنَا

خطیب ہیں تمام گزشتہ انبیاء علیہم السلام کے

وَكَانَ خِطَابُهٗ نُوْرًا فَطُوْبٰى

اور آپؐ کا خطاب مثلِ نور تھا ، زہے نصیب

لِمَنْ سَمِعُوْا لَهٗ فِي الدَّهْرِ حِيْنَا

ان کا جو زندگی میں ایک ساعت آپؐ کا کلام سُن چکے

وَذُوْ فَضْلٍ وَّ ذُوْ عِزٍّ هَجُوْدٌ

صاحبِ فضل صاحبِ عزت ، جاگنے اور تہجد ادا کرنے والے

وَعَبْدُ اللّٰهِ رَبِّ الْعَابِدِيْنَا

بندے اُس خدا کے جو کُل عبادت گزاروں کا پروردگار ہے ۔

مَجِيْدٌ نِعْمَةُ اللّٰهِ وَ غَيْثٌ

بلند مرتبہ والے ، اللہ کی نعمت باران رحمت

وَ اُمِّيٌّ غِيَاثُ الطَّالِبِيْنَا

اُمّی فریاد رس ہیں (بہ شفاعتِ عام) طلب کنندگانِ حاجت کے

خَلِيْلٌ قَاسِمٌ وَّ اللّٰهُ يُعْطِيْ

مخلص دوستِ خدا ، تقسیم کرنے والے ۔ اور اللہ تعالیٰ دیتے ہیں

وَلَمْ يَلْفِظْ بِلَا لِلسَّائِلِيْنَا

اور لفظِ لا (نہیں) زبان پر نہیں لائے مانگنے والوں کے لیے

٣٦٩ حَفِيٌّ ٣٧٠ جَامِعٌ ٣٧١ مَلِكٌ ٣٧٢ مَلِيكٌ

مہربان و معاون، جمع کرنے والے، شاہِ انبیاء، سلطانِ رُسل

٣٧٣ نَذِيرٌ ٣٧٤ مُنْذِرٌ لِلطَّائِغِينَا

بدانجام سے خبردار کرنے والے، اور ڈرانے والے سرکشوں کو

٣٧٥ نَصِيحٌ ٣٧٦ خَاضِعٌ ٣٧٧ لَسِنٌ ٣٧٨ حَبِيبٌ

خیرخواہ، منکسر، فصیح، یارِ خدا و خلق،

٣٧٩ مَحَجَّتُنَا وَ ٣٨٠ أَوْلَانَا يَقِينَا

ہماری حجت اور ہم انسانوں سے یقیناً افضل ہیں

وَ أَوَّلُ ٣٨١ شَافِعٍ وَّ ٣٨٢ مُشَفَّعٍ بَلْ

سب سے اول شفاعت کنندہ، اول شفاعت قبول کیے ہوئے، بلکہ

هُوَ ٣٨٣ الْفَتَّاحُ بَابَ الشَّافِعِينَا

آپ کھولنے والے ہیں شفاعت کنندگان کے لیے شفاعت کا دروازہ

٣٨٤ سَبِيلُ اللّٰهِ مَنْ سَلَكُوهُ فَازُوا

خدا کی راہ، جو بھی اس راہ پر چلے کامیاب ہوئے

بِفِرْدَوْسٍ وَّ عَدْنٍ خَالِدِينَا

جنتِ فردوس و جنتِ عدن حاصل کرنے میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

٣٨٥ وَكِيلٌ ٣٨٦ صَالِحٌ ٣٨٧ مُتَوَكِّلٌ فِي

دوسروں کے کام کرنے والے، نیک، اللہ پر توکل والے

أُمُورِ الدِّينِ تُكْلَانًا رَّصِينَا

امورِ دین میں محکم توکل

وَ اَكْثَرُ اَنْبِيَاءِ اللّٰهِ جَمْعًا

اور جملہ انبیاءؑ میں آپ کی جماعت و امت زیادہ ہے

وَ اَكْرَمُ وُلْدِ اٰدَمَ اَكْتَعِيْنَا

اور شریف تر ہیں تمام اولادِ آدم میں

رَقِيْبٌ اٰخِذُ الْحُجُزَاتِ حِفْظًا

نگہبان ، پکڑنے والے امت کی کمر تاکہ بچائیں

مِنَ النَّارِ الَّتِيْ لِلْكَافِرِيْنَا

اُس آگ سے جو تیار ہوئی ہے کافروں کے لیے ،

وَسِيْلَتُنَا نَسِيْبٌ مُّسْتَعِيْذٌ

آپ پر ایمان لانا وسیلہ نجات ہے ، اعلیٰ نسب والے ، خدا کی پناہ لینے والے

وَ نَجْمٌ ثَاقِبٌ لِّلْمُدْلِجِيْنَا

ستارۂ ضَو فشاں رات کو چلنے والوں کے لیے

وَ ثَانِي اثْنَيْنِ فِيْ غَارِ ثَوْرٍ

دو ساتھیوں میں دوسرے غارِ ثور میں

تَقِيٌّ حَافِظٌ لِّلْمُحْجِرِيْنَا

متقی ، حافظ ہیں مجبور و مظلوم لوگوں کے

مُحِيْدٌ حَائِدٌ قُثَمٌ وَّ وَافٍ

بطرف حق پھیرنے والے ، باطل سے پھرنے والے ، جامع برکات ، وفادار ،

وَفِيٌّ وَّاعِظُ مَنْ يُّجْرِمُوْنَا

کامل صوت و سیرت والے ، وعظ کرنے والے اُنہیں جو گناہ کرتے ہیں

بَصِیْرٌ[۲۰۵] حَاتَمٌ[۲۰۶] حَامِیْمٌ[۲۰۷] رَاضٍ[۲۰۸]

دانش مند ، اعلیٰ صورت سیرت والے ، ختم ، رضامند ،

بَشِیْرٌ[۲۰۹] لِّلْکِرَامِ الْمُحْسِنِیْنَا

خوشخبری دینے والے نیکو کاروں کو ،

مُجِیْرٌ[۲۱۰] فَاتِحٌ[۲۱۱] عَافٍ[۲۱۲] نَبِیْهٌ[۲۱۳]

پناہ دہندہ ، فتح کرنے والے ، معاف کرنے والے ، بڑے ہوشیار

وَکَانَ لِاٰیِ قُرْاٰنٍ مُّبِیْنًا[۲۱۴]

اور تھے آیات قرآن کی وضاحت کرنے والے

حَسِیْبٌ[۲۱۵] حَاشِرٌ[۲۱۶] قُسَمٌ[۲۱۷] طٰهٰ[۲۱۸]

کفایت کرنے والے ، سب پہلے قبر سے اٹھنے والے ، قسم ، پاک کنندہ ،

مُطَهِّرُنَا[۲۱۹] مُطَهِّرُ[۲۲۰] رَاغِبِیْنَا

ہم ہیں پاکیزہ تر ، پاک کرنے والے رغبت اسلام رکھنے والوں کو

تِهَامِیٌّ[۲۲۱] صَفِیُّ[۲۲۲] اللّٰهِ جَدٌّ[۲۲۳]

مکہ کے باشندے ، اللہ کے دوست ، عظیم القدر

مُقَدَّسَةٌ[۲۲۴] وَخَیْرُ مُقَدِّسِیْنَا

اللہ کے پاک کیے ہوئے اور سب سے زیادہ خدا کی پاکی بیان کرنے والے ہیں

وَرُوْحٌ[۲۲۵] ذُوالْهِرَاوَةِ[۲۲۶] سَرْخَلِیْطَشْ[۲۲۷]

روح رواں اسلام ، موٹی لاٹھی والے ، ستودہ (سریانی نام)

وَزَاهِرُنَا[۲۲۸] وَ اَجْمَلُ[۲۲۹] زَاهِرِیْنَا

منور پیشانی والے ہمارے نبی اور تمام خوب رؤوں سے زیادہ حسین ،

سَنَايَا ضَيْغَمٌ شَهْمٌ مُشِيْرٌ

روشنی ، شیر دل ، سردار ، صحیح مشورہ دہندہ

وَ فَارُوْقٌ وَّ خَيْرُ الْفَارِقِيْنَا

بڑے امتیاز کرنے والے حق و باطل میں ، اور کل امتیاز کرنے والوں سے بہتر

وَ فَرْدٌ رَاكِبٌ جَمَلًا سَرِيْعٌ

بے نظیر ، اونٹ پر سوار ، اظہارِ حق میں تیز

وَ عَاضِدُنَا وَ ذُخْرُ الرَّاشِدِيْنَا

ہمارے مددگار ذخیرہ نیکوکاروں کے لیے

خَلِيْفَةُ رَبِّهٖ فِيْ نَشْرِ دِيْنٍ

اللہ تعالےٰ کے خلیفہ ہیں دین کی اشاعت میں

وَ نُصْرَتِهٖ وَ خَيْرُ النَّاشِرِيْنَا

و نصرت ہیں اور آپ بہترین اشاعت کنندہ ہیں

وَ جَوَّادٌ عِمَادٌ عُمْدَةٌ قَدْ

بڑے سخی ، سردار معتمد بھروسہ کیے گئے شجاع ، بے شک

اَقَامَ الدِّيْنَ اَرْكَانًا وَّ بُوْنَا

آپ نے قائم و استوار کیے دین کے ارکان اور ستون۔

حَبِيْبُ اللهِ بَاهٍ حَاطَ حَاطًا

اللہ کے محبوب ، خوبصورت ، حاط حاط (زبوری نام)

بَهِيٌّ بَلْ بَهَاءُ الْاَجْمَلِيْنَا

حسین و دانا ، بلکہ تمام خوبصورتوں کا حسن ؛

ثِمَالٌ لِّلْاَرَامِلِ وَ الْيَتَامٰى

فریادرس ہیں بیوہ عورتوں اور یتیموں کے

وَ كَانَ لِعِصْمَةِ الْبَارِىْ مَصُوْنًا

اور تھے محفوظ بہ برکت حفاظت رب تعالےٰ

حَفِيْظٌ وَّاسِعٌ خُلْقًا وَّ عِلْمًا

نگہبانِ (دین) ، وسیع اخلاق و علم والے

وَ مُغْرَمٌ اَنْ نُّطِيْعَ وَ اَنْ نَّدِيْنَا

اور بے حد مشتاق اس کے کہ ہم مطیع و دین دار بنیں

شَدِيْدٌ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ طُرًّا

امر دینی میں سخت ، سب مخلوق خدا سے افضل ،

وَ خَيْرُ النَّاسِ خَيْرُ الْعَالَمِيْنَا

کل انسانوں سے اعلیٰ ، اور سارے عالم سے بہتر ہیں

وَ اَطْيَبُهُمْ بِغَيْرِ الطِّيْبِ طَبْعًا

اور بغیر عطر کے سب سے زیادہ معطر بدن والے ۔ فطرۃً

وَ اَلْيَنُهُمْ يَدَاهُ الْقَزُّ لِيْنًا

سب سے زیادہ نرم بدن والے ، گویا آپ کے ہاتھ ریشم ہیں نرمی میں

قَرِيْبٌ ظَاهِرٌ جِسْمًا وَّ لٰكِنْ

آپ قریب و ظاہر ہیں جسمانی طور پر لیکن

عَظِيْمٌ بَاطِنٌ عَنَّا شُئُوْنًا

بڑے اور پوشیدہ ہیں ہم سے باعتبار بلند شان ۔

كَثِيرُ الصَّمْتِ وَهَّابُ الْهَدَايَا

زیادہ خاموش رہنے والے ، بڑے ہدایا بخشنے والے ،

وَمُنْتَجَبٌ وَّمُنْتَخَبٌ يَقِينًا

برگزیدہ اور چنے ہوئے ہیں یقیناً

وَرُوحُ الْحَقِّ رُوحُ الْقُدْسِ مَوْلًى

جانِ حق ، جانِ پاکیزہ ، آقا

وَرُوحُ الْقِسْطِ عِنْدَ الْمُقْسِطِينَا

اور جانِ عدل انصاف کنندگان کے نزدیک

وَسَعْدُ اللّٰهِ سَعْدُ الْخَلْقِ فَخْرٌ

برکتِ اللہ تعالےٰ ، کل مخلوق میں نیک بخت ، باعثِ فخر ،

سَعِيدُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَا

سب اگلے اور پچھلے لوگوں میں بڑی سعادت والے

مُحَرِّضُنَا عَلٰى تَحْصِيلِ عِلْمٍ

ہیں ابھارنے اور ترغیب دینے والے طلب علم پر

بِأَقْصَى الْمُلْكِ بَلْ لَوْ كَانَ صِينَا

دور دور ملکوں میں اگرچہ وہ چین ہی کیوں نہ ہو

عَلِيمٌ عَالِمٌ بَحْرٌ مُلَبٍّ

زیادہ علم والے ، جاننے والے ، بحرِ علم و کمال ، فرماں بردار ،

زَعِيمُ الْأَنْبِيَاءِ الْغَابِرِينَا

تمام گزشتہ انبیاء علیہم السلام کے نمائندہ ہیں

[٤٨٢] صَبِیْحٌ [٤٨٣] ضَابِطٌ [٤٨٤] سَنَدٌ [٤٨٥] زَکِیٌّ

حسین ، تحافظ والے ، معتمد ، پاکیزہ

وَ [٤٨٦] شَکَّارٌ وَّ [٤٨٧] زَیْنُ الْکَائِنِیْنَا

زیادہ شکر کنندہ اور جملہ موجودات کی زینت

[٤٨٨] مُعِیْنٌ [٤٨٩] مُخْلِصٌ [٤٩٠] مُتَضَرِّعٌ فِیْ

امداد کنندہ ، اخلاص والے عاجزی کرنے والے ،

عِبَادَةِ رَبِّہٖ یَبْکِیْ اَنِیْنَا

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہوئے زار و قطار روتے تھے

[٤٩١] مُؤَیَّدُہٗ وَ [٤٩٢] مَنْصُوْرٌ [٤٩٣] سَلَامٌ

خدا کی تائید حاصل کیے ہوئے ، مدد دیے ہوئے ، عیب و نقص سے پاک

وَ [٤٩٤] مُنْتَقِمٌ وَّ [٤٩٥] نَاصِرُ صَارِخِیْنَا

دین کے لیے بدلہ لینے والے ، اور مددگار ہیں فریاد کرنے والوں کے

[٤٩٦] مُبَلِّغُ حُکْمِہٖ [٤٩٧] مُهْدٍ [٤٩٨] عَزِیْزٌ

حکم خدا پہنچانے والے ، روحانی تحفے دہندہ ، گرامی

[٤٩٩] مُعَزَّزُنَا اِمَامُ الْعَالَمِیْنَا

ہمارے معزز نبی ، پیشوا سارے عالم کے

وَ [٥٠١] مُغْنٍ [٥٠٢] سَابِقٌ عُرْبًا [٥٠٣] غَنِیٌّ

مستغنی کرنے والے ، کل عرب سے آگے ، غنی ہیں

بِقَلْبٍ اَیْنَ مِنْہُ الْمُکْثِرُوْنَا

دل کے یہ قلبی غنا دولت مندوں کو کہاں حاصل ہو سکتی ہے

وَبَحْرٌ زَاخِرٌ عَيْنٌ وَنَجْمٌ

اسرارِ نبوت کے گہرے سمندر، سردار اور ستارۂ رشد

وَبَرْقِيْطِسٌ وَحَامِي الْمُرْمِلِيْنَا

ستائش کیے گئے (رومی نام) حمایت کرنے والے غریبوں کی

وَشَثْنٌ نَاجِزٌ مُتَرَبِّصٌ فِي

معتدل موٹی انگلیوں والے، وعدہ پورا کرنے والے، مددِ خدا کے منتظر

أُمُوْرٍ نَالَهَا الْمُتَرَبِّصُوْنَا

اُن امور میں جن میں حوصلہ و انتظار والے ہی کامیاب ہوتے ہیں

إِمَامُ الْخَيْرِ أَعْلَى مُجْتَبَانَا

ہر قسم کی نیکی میں رہنما، سب سے اعلیٰ، برگزیدہ ہمارے نبی

نَقِيْبٌ مُنْتَقًى فِي الْمُنْذِرِيْنَا

حقوقِ امت کے محافظ، چنے ہوئے پیغمبروں میں

وَعَيْنُ الْعِزِّ مَعْرُوْفٌ عَفُوٌّ

عین عزت، جانے پہچانے ہوئے، بہت گزر کرنے والے

لَنَا فَرَطٌ تَقَدَّمَ كَيْ يُعِيْنَا

حشر میں ہماری سہولت کا انتظام کرنے والے، آگے گئے تاکہ مدد کر سکیں

وَلَوْلَا سَيِّدِيْ مَا كَانَ كَوْنٌ

اگر میرے آقا دنیا میں نہ ہوتے تو یہ دنیا موجود نہ ہوتی

فَكَانَ وُجُوْدُهٗ مَاءً مَّعِيْنَا

سو آپ کا وجود کائنات کے لیے جاری پانی ہے

حَوَىٰ أَسْمَاءَهُ الْعُلْيَا نَشِيدِي

جمع کیا آپ کے بلند اسمار کو میری خوبصورت نظم نے

كَمِسْكٍ فِي الْمَحَافِلِ طَابَ جُوْنَا

مانندِ مُشک محفلوں میں جو محفلوں کے ساتھ عطر دان کو بھی معطر کرے

وَزِنْتُ بِهَا النَّشِيدَ فَجَلَّ سَعْدِي

اور میں نے مزین کیا ان سے یہ قصیدہ ۔ زہے میری خوش بختی

كَدُرٍّ زَانَ أَصْدَافًا مُلِيْنَا

جیسا کہ موتی مزین کر دیں سیپیوں کو جو اُن سے پُر ہوں

شَفَاعَتُهُ الْعَرِيضَةُ عُدَّةٌ لِي

آپ کی وسیع شفاعت میری زادِ راہ ہے

وَ مَا مُوْلِي وَ مَالِي مُسْتَبِيْنَا

اور امیدوں کا مرکز اور میرا مال واضح طور پر

أَتَحْرِمُنِي شَفَاعَتَهُ فَلَا لَا

کیا آپ مجھے اُن کی شفاعت سے محروم کریں گے نہیں ایسا نہ ہو

فَإِنِّي مُسْلِمٌ رَبِّي يَمِيْنَا

کیوں کہ میں مسلمان ہوں اے اللہ آپ کی قسم

نَعَمْ عَاصٍ وَّلٰكِنْ لَيْسَ جُرْمِي

ہاں گناہ گار ہوں لیکن میرا جرم بڑا نہیں ہے

بِأَعْظَمَ مِنْ خَوَانِكَ كَيْ تُهِيْنَا

آپ کے خوانِ کرم سے کہ آپ مجھے ضرور رسوا کریں

وَجَلَّ الذَّنبُ لِي وَ اَجَلُّ مِنْ ذَا

میرے گناہ بڑے ہیں لیکن ان سے بھی بڑے ہیں

جَدَاكَ وَ اَنتَ خَيرُ المُجتَدِينَا

آپ کے عطایا اور آپ سب دینے والوں سے بہتر ہیں

فَلَا تَفعَلْ بِنَا مَا نَحنُ اَهلٌ

پس ہمارے ساتھ وہ معاملہ نہ فرما، جس کے ہم گنہگار مستحق ہیں

لَهٗ اِنْ لَّا نَكُنْ مِّنْ خَاسِرِينَا

ورنہ پھر تو ہم خسارہ والوں میں سے ہونگے۔

بَلِ افعَلْ رَبَّنَا مَا اَنتَ اَهلٌ

بلکہ کرم کا وہ معاملہ فرما اے اللہ جس کے اہل آپ ہیں

لَهٗ وَارحَمْ فَكُنتَ بِهٖ قَمِينَا

اور رحم کر کیوں کہ آپ ہی رحم و کرم کے اہل ہیں

خَفِيَّ اللُّطفِ اَدرِكْنِي بِلُطفٍ

اے مخفی مہربانی والے پا لیجیے گا اپنی عنایات سے مجھے

وَحِزبًا يَسْمَعُونَ وَيَقرَءُونَا

اور وہ گروہ بھی جو اس قصیدے کو سنے اور پڑھے

وَصُحبَةَ مُصطَفَانَا اَرتَجِيهَا

اور نبی علیہ السلام کی رفاقت کا امیدوار ہوں

بِفِردَوسٍ لِاَخدِمَهٗ قَطِينَا

جنت فردوس میں تاکہ خادم بن کر آپ کی خدمت کرتا رہوں

وَرُؤْيَتَكَ الَّتِي تُنْسِي نَعِيمًا

اور امیدوار ہوں آپ کے دیدار کا بھی جو بھلادے ہر نعمت کو

سِوَاهَا مَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَا

اس کے سوا، وہ دیدار جو ناظرین کو بڑی مسرت بخشتا ہے

وَهَبْ لِي الرَّوْحَ وَالرَّيْحَانَ رَبِّي

اور مجھے عنایت کیجیے راحت اور پھول اے اللہ

بِجَنَّاتِ الْعُلٰى وَالْحُوْرِ عِينَا

جنتوں میں اور حور عین بھی

وَأَنْتَ الرَّبُّ فَارْحَمْنِي فَإِنِّي

آپ ہی میرے رب ہیں سو مجھ پر رحم فرما کیونکہ میں نے

دَعَوْتُكَ مُسْتَغِيثًا مُسْتَعِينَا

صرف آپ ہی کو پکارا ہے فریاد کرتے اور مدد مانگتے ہوئے

فَيَا اللّٰهُمَّ ثَبِّتْنَا ثَبَاتًا

اے اللہ ہمیں خوب ثابت قدم رکھیے

عَلَى الْإِسْلَامِ حَتّٰى لَا نَخُونَا

دین اسلام پر، تاکہ دین میں کسی طرح خیانت نہ کریں

وَحَبِّبْ كُلَّ مَا تَرْضٰى إِلَيْنَا

اور محبوب کر دیں ہمارے دلوں میں ہر وہ شئے جو آپ کو پسند ہو

وَوَفِّقْنَا لِمَا يُجْدِي أَمِينَا

اور ہمیں توفیق بخش دیں اس عمل کی جو نفع دے۔ آمین ثم آمین

تمت

قصیدۂ حسنیٰ پڑھنے کے فوائد بیشمار ہیں۔ اسماء نبویہّ کی برکت سے ہر حاجت پوری ہوگی ان شاءاللہ تعالیٰ ۔ چند اہم فوائد یہ ہیں۔

(۱) ہر قسم کی بیماری سے باذن اللہ شفاء (۲) مقدمات میں فتح (۳) دشمنوں کے شر سے حفاظت (۴) ملازمت میں ترقی (۵) افسرانِ بالا مسخر (۶) ماتحت عملہ تابع (۷) تجارت میں ہر قسم کی رکاوٹ دور ہوکر بڑا نفع ہوگا (۸) میاں بیوی میں محبت ہوگی، بیوی پڑھے تو خاوند تابع ہوگا اور خاوند پڑھے تو بیوی فرمانبردار ہوگی (۹) سفر بخیر ختم ہوکر بخیر واپسی ہوگی (۱۰) طالب علم کا ذہن تیز و حافظہ بڑھے گا (۱۱) نیک اعمال کی توفیق ملے گی (۱۲) دلوں کی تسخیر کیلئے بہت مفید ہوگا (۱۳) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہوگی (۱۴) رزق میں فراخی اور جادو سے بند کیا ہوا کاروبار پہلے سے زیادہ چالو ہوگا (۱۵) جنات وسحر کا اثر دور ہوگا (۱۶) بے اولاد و عقیمہ عورت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اولاد نصیب فرمائیں گے (۱۷) گمشدہ چیز مل جائیگی (۱۸) گھر سے بھاگا ہوا شخص جلد واپس آجائیگا (۱۹) جس کے بچے پیدا ہوکر مر جاتے ہیں تو وہ ان شاءاللہ زندہ رہیں گے (۲۰) امتحان میں کامیابی ہوگی (۲۱) دلوں کا وسوسہ اور خوف و بے اطمینانی دور ہو جائیگی (۲۲) استحضارِ قلب سے بار بار پڑھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں بڑھے گی اور خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔

مصنّفؒ کی وفات کے بعد ان کی اولاد سے اجازت لینے سے ان شاءاللہ تعالیٰ تاثیر بہت زیادہ ہوگی۔

فون نمبر برائے اجازت 00923008441681 , 00923218441681
00923004101882

نوٹ :۔ عامل بننے کے بغیر بھی یہ فوائد حاصل ہونگے ان شاءاللہ تعالیٰ۔ لیکن عامل بننے سے تاثیر بہت زیادہ ہوتی ہے۔ قصیدۂ حسنیٰ کے عامل بننے کے طریقے چار ہیں۔

(اول) ۴۱ دن تک ہر روز ۳ دفعہ پڑھے (دوم) ۴۱ دن تک روزانہ ۷ دفعہ پڑھے (سوم) کسی ماہ (ربیع الاوّل ہو تو بہتر ہے) تین دن اعتکاف کر کے روزہ رکھے ایامِ اعتکاف میں روزانہ ۱۵ مرتبہ پڑھے، عامل بن جانے کے بعد روزانہ ایک مرتبہ پڑھے (چہارم) اول ۵۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر قصیدہ شروع کرے پھر آخر میں بھی ۵۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ۴۱ دن تک روزانہ ایک مرتبہ اسی طریقہ سے پڑھے۔

⇦ پڑھنے والے حضرات سے درخواست ہے کہ (مصنف) حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ اور حضرت کی اولاد و اہل خانہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔